سوال

(22)فرض نمازوں کی نیت سے بنائی گئی مسجد کو نمازجمعہ کی مسجد کی طرف منتقل کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاایسی مسجد میں نمازجمعہ اداکرناجائزہے جس کی تاسیس کے وقت یہ نیت نہیں کی گئی تھی کہ اس میں نمازجمعہ بھی اداکی جائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ بالاصورت میں کوئی امرمانع نہیں ہے کہ اس مسجد میں نمازجمعہ بھی اداکی جائے جس میں پہلے نمازجمعہ ادانہیں کیاجاتی تھی بلکہ صرف دیگر نمازپنجگانہ کوباجماعت اداکیاجاتاتھا۔مسجد کی تعمیر کے وقت اگرنمازجمعہ کی نیت نہیں بھی کی گئی تھی تواس سے کوئی فرق نہیں پڑتاتاکہ مسجد کی تعمیر مکمل ہونے کے بعدیااس سے پہلے ہی یہاں نمازجمعہ بھی شروع کردی جائے کیونکہ ہمارے علم کے مطابق اہل علم میں سے کسی نے بھی ایسی کسی شرط کاکوئی ذکرنہیں کیالہذایہ ایک ایسی شرط ہے جس کی کتاب وسنت میں کوئی اصل نہیں۔

ہذاماعندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج2